ادارہ

مسافرانِ آخرت

عبدالحفیظ رضا پسروری مرحوم:

مجلس حرارِ اسلام کے قدیمی کارکن، تحریک تحفظِ ختم نبوت کے مجاہد اور حضرت امیر شریعت رحمہ اللہ کے عقیدت مند تھے۔ مرحوم طویل عرصہ سے علیل تھے مگر اپنی علالت وضعف کے باوجود ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر ادا کرتے رہے۔ ۳۰؍دسمبر ۲۰۰۴ء بروز جمعرات لاہور میں انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ بچپن سے ہی مجلس احرار اسلام سے وابستہ تھے۔ قیام پاکستان سے قبل پسرور ضلع سیالکوٹ میں احرار سٹوڈنٹس فیڈریشن قائم کی۔ حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمہ اللہ اور دیگر اکابر احرار کو پسرور بلاتے اور جلسوں کا اہتمام کرتے۔ اکابر احرار کی صحبت کی وجہ سے لکھنے پڑھنے کا ذوق پیدا ہوا۔ شورش کاشمیری مرحوم اور جانباز مرزا مرحوم کے ہفت روزہ ''چٹان'' اور ماہنامہ ''تبصرہ'' میں لکھنے کا موقع ملا اور نکھرتے چلے گئے۔ سائیں محمد حیات پسروری مرحوم، جوہر جہلمی مرحوم، حافظ ابراہیم خادم مرحوم، سید امین گیلانی، مولانا مجاہد الحسینی اور دیگر رفقاء کا اکثر ذکر کرتے ہوئے آبدیدہ ہوجاتے۔ احرار سے ان کی وابستگی لازوال تھی۔ وہ آخر دم تک احرار میں شامل رہے۔ اکثر دفتر احرار لاہور میں تشریف لاتے۔ ابنِ امیر شریعت حضرت سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ سے ملتے تو ان کا مخلصانہ اور والہانہ انداز قابل دید ہوتا۔ راقم (سید محمد کفیل بخاری) عرصہ پچیس برس سے ان سے متعارف ہے۔ اکثر ان کے ہاں حاضری ہوتی اور اکابر احرار کی انمول یادوں سے وہ محفل کو سجا دیتے۔ مرحوم اچھرہ کے قبرستان میں سپرد خاک ہوئے۔ ایک مخلص، وفادار، صابر و شاکر اور وضع دار انسان تھے۔ ان کے برادر بزرگ جناب عبدالرشید صاحب، ان کے بیٹوں اور بیٹیوں کو جو گہرا صدمہ ہوا ہے اس کی تلافی ممکن نہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے، درجات بلند فرمائے اور حسنات قبول فرمائے۔ نیز پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین!

رفیق غلام ربانی مرحوم:

تحریک آزادی کے معروف کارکن اور مجلس احرار اسلام کے بزرگ رہنما رفیق غلام ربانی ۱۳؍جنوری ۲۰۰۵ء کو راولپنڈی میں انتقال کر گئے۔ ان کی عمر ۷۶ برس کے لگ بھگ تھی۔ مرحوم کا شمار امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری اور مولانا گل شیر شہید کے قریبی ساتھیوں میں ہوتا تھا۔ رفیق غلام ربانی مرحوم نے آزادئ وطن اور ختم نبوت کی تحریکوں میں نمایاں کردار ادا کیا اور بار بار قید و بند کی صعوبتوں سے بھی گزرے۔ انہیں ۲۰؍جنوری بروز جمعہ ان کے آبائی قبرستان تلہ گنگ میں سینکڑوں سوگواروں کی موجودگی میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ رفیق غلام ربانی مرحوم تلہ گنگ کے نام ور قانون دان فیض الحسن فیضی ایڈووکیٹ کے والد جبکہ حاجی محمد اسحٰق کمیشن ایجنٹ غلہ منڈی اور محمد سلیم اختر کے بھائی اور معروف

کالم نگار محمد عمر فاروق کے ماموں تھے۔ان کی وفات پر مجلس احرار اسلام کے قائد سید عطاء المہیمن بخاری، سید محمد کفیل بخاری اور عبداللطیف خالد چیمہ نے گہرے صدمے اور غم کا اظہار کیا ہے۔

اہلیہ مرحومہ حضرت مولانا عبدالعزیز رائے پوری رحمہ اللہ:

حضرت مولانا عبدالقادر رائے پوری قدس سرہٗ کے جانشین حضرت مولانا عبدالعزیز رائے پوری رحمتہ اللہ علیہ کی اہلیہ ۱۰/ذوالحجہ ۱۴۲۵ھ ۲۱/جنوری ۲۰۰۵ء کو سرگودھا میں انتقال کر گئیں۔اناللہ وانا الیہ راجعون۔مرحومہ جناب عبدالقادر ، جناب حبیب احمد اور جناب محمد ظفر کی والدہ تھیں۔طویل عرصہ سے علیل تھیں۔انہوں نے تمام عمر صبر و شکر اور عبادت میں گزاری۔ابن امیر شریعت حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری چناب نگر سے نماز جنازہ میں شریک ہوئے۔حضرت مولانا عبدالعزیز رائے پوری رحمہ اللہ کے متوسلین کے علاوہ دینی حلقوں کی ایک کثیر تعداد نے نمازِ جنازہ میں شرکت کی۔اللہ تعالیٰ اُن کے حسنات قبول کر کے مغفرت فرمائے اور درجات بلند اور تمام پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔آمین!

☆ہمارے دیرینہ کرم فرما اور محبّ جناب مولانا سیف الرحمٰن (مقیم مدرسہ صولتیہ مکہ مکرمہ) کی ہمشیر صاحبہ گزشتہ ماہ انتقال کر گئیں۔

☆مجلس احرار اسلام ملتان کے رہنما جناب صوفی نذیر احمد کے بھتیجے محمد ابوبکر ۱۹/جنوری کی رات ٹریفک کے ایک حادثے میں انتقال کر گئے۔

☆ملتان میں ہمارے دیرینہ کرم فرما اور شفیق دوست جناب حافظ ارشاد احمد، روجھان (بلوچستان) میں ٹریفک کے ایک حادثے میں انتقال کر گئے۔مرحوم انتہائی مخلص اور وضع دار تھے۔

☆مجلس احرار اسلام رحیم یار خان کے رہنما جناب مولوی بلال احمد کے بھائی فقیر غلام رسول ۳/دسمبر ۲۰۰۴ء انتقال کر گئے۔

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کی مغفرت اور پسماندگان کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے۔آمین! (ادارہ)

الغازی مشینری سٹور

ہمہ قسم چائنہ ڈیزل انجن، سپئیر پارٹس

تھوک و پرچون ارزاں نرخوں پر ہم سے طلب کریں

0641-462501

بلاک نمبر 9 کالج روڈ، ڈیرہ غازی خان